بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۲/۲۰۱۸ مورخہ۱۸/اکتوبر۲۰۱۹

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۴۳ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ ۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۱۰/اکتوبر ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر۴۳ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ ،قائدحزب اختلاف بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعد و اِنضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پرعمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قرارداد

ہرگاہ کہ حبیب اللہ تھرمل پاور پروجیکٹ کے تحفظ کیلئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے سرہ غڑگئی ،الماس ،وچشمہ اچوزئی ایریا سے 45 لیویز ملازمین بھرتی کیئے ہیں لیکن اب تک انکی سروس ریگولر نہیں ہوئی ہیں تنخواہ بھی 8 یا10 ماہ بعد دی جاتی ہے۔ سرکاری ملازم کی حیثیت سے وہ تمام مراعات سے محروم ہیں ان ملازمین کی ریگولر تعیناتی کی سمری ہوم سیکرٹری کے پاس ہے۔اورڈی جی لیویز نے انہیں ریگولر کرنے کے بارے میں سفارش بھی کی ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔کہ عرصہ دراز سے تعنیات لیویز ملازمین کو ریگولر کرنے اورانہیں مراعات جو سرکاری لیویز کے ملازمین کو ملتے ہیں دیئے جائیں تاکہ ان ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی اوراحساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

صفدر حُسین

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت ملک سکندر خان ایڈووکیٹ **قائدحزب اختلاف/محرک قرارداد۔**
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی ،پاکستان،اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ،سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان،اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ،(پبلک) ایوان صدر،اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان،وزیراعظم سیکرٹریٹ،اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ،بلوچستان،کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری محکمہ قانون وپارلیمانی امور،حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری محکمہ داخلہ،حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری،صوبائی اسمبلی،پنجاب،لاہور۔سندھ،کراچی۔خیبر پختونخوا،پشاور۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی،گلگت بلتستان۔

قادربخش شاہوانی

شریک معتمد،(سوالات)